مجلسِ مزاراتِ اولیاء کے

29 مَدَنی پھول

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعٰلَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی سَیِّدِ الْمُرْسَلِیْنَ اَمَّا بَعْدُ فَاَعُوْذُ بِاللّٰہِ مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ط بِسْمِ اللّٰہِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ ط

''اللّٰہ والے ہیں جو اللّٰہ سے ملا دیتے ہیں'' کے 29 حروف کی نسبت سے مجلسِ مزاراتِ اولیاء کے 29 مَدَنی پھول

فرامینِ امیر اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ:

❁ مزاراتِ اولیاء پر دُعائیں قبول ہوتی ہیں، التجائیں سُنی جاتی ہیں اور مُرادیں برآتی ہیں (فیضانِ سنت ج اول، ص 8)

❁ دعوتِ اسلامی کا 99.99% مدنی کام انفرادی کوشش سے ممکن ہے۔

﴿1﴾ فرمانِ مصطفٰی صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلّم ہے: نِیَّۃُ الْمُؤْمِنِ خَیْرٌ مِّنْ عَمَلِہٖ ۔ یعنی مسلمان کی نیّت اس کے عمل سے بہتر ہے۔ (المعجم الکبیر للطبرانی، الحدیث: ۵۹۴۲، ج۶، ص۱۸۵) اس لیے مجلس مزاراتِ اولیاء کا ہر ذمہ دار امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ کے عطا کردہ ''72 مدنی انعامات'' میں سے ''مدنی انعام نمبر 1'' پر عمل کرتے ہوئے یہ نیّت کرتا رہے کہ: ''میں اللّٰہ عزَّوَجَلَّ کی رضا اور اس کے پیارے حبیب صلّی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلّم کی خوشنودی کے لیے دعوتِ اسلامی کے شعبے مجلس مزاراتِ اولیاء کا مدنی کام، مدنی مرکز کے طریقِ کار کے مطابق کروں گا، اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجَلَّ۔''

﴿2﴾ **مجلس مزاراتِ اولیاء** کا کام محکمۂ اوقاف کے عہدے داران/ سجادہ نشین/ گدی نشین/ متولی صاحبان/ مزار کمیٹی/ مزار کے اطراف کے دُکاندار اور زائرین کو تبلیغِ قرآن وسنت کی عالمگیر غیر سیاسی تحریک دعوتِ اسلامی کی خدمات سے آگاہ کرنا، ان سے مدنی تعلقات استوار کرنا اور مزارات پر دعوتِ اسلامی کے مدنی کاموں کی ترکیب بنانا ہے۔

﴿3﴾ مجلس کے ذمہ داران، محکمۂ اوقاف کے عہدے داران/ سجادہ نشین/ گدی نشین/ متولی صاحبان/ مزار کمیٹی سے ملاقات یا فون کے ذریعے پیشگی وقت لیں۔ بہتر یہ ہے کہ دو/ تین اسلامی بھائی مل کر جائیں، ملاقات کی ابتداء میں تعارف یعنی تنظیمی ذمہ داری وغیرہ بیان کرنا مفید ہے۔

﴿4﴾ دورانِ ملاقات محکمۂ اوقاف کے عہدے داران/ سجادہ نشین/ گدی نشین/ متولی صاحبان/ مزار کمیٹی کو **دعوتِ اسلامی** کے مدنی کاموں اور شعبہ جات مثلاً جامعۃ المدینہ، المدینۃ العلمیہ، دارالافتاء اہلسنّت، مجلس خصوصی اسلامی بھائی، مدنی چینل وغیرہ کا تعارف کروائیں، شیخِ طریقت، امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرتِ علامہ مولانا ابوبلال محمد الیاس عطّار قادری رضوی ضیائی دامت برکاتہم العالیہ کی دینی خدمات اور اولیاء اللہ سے محبت کے بارے میں آگاہ کریں اور ان سے تحریری یا ویڈیو تأثرات حاصل کر کے مع تفصیلات مجلسِ مدنی چینل کو اِرسال/ میل فرمادیں۔

﴿5﴾ حدیثِ پاک میں ہے ''تَھَادَوْا تَحَابُّوْا'' یعنی ایک دوسرے کو تحفہ دو، آپس میں محبت بڑھے گی۔ (مؤطا امام مالک،

ج ۲، ص ۴۰۷، رقم ۱۳۱۷۱) پر عمل کی نیت سے اختتامِ ملاقات پرمحکمۂ اوقاف کے عہدے داران/ سجادہ نشین/ گدی نشین/ متولی صاحبان کی خدمت میں ذاتی طور پرحسبِ اِستطاعت اورمخیّر اسلامی بھائیوں سے ترکیب بنا کرمکتبۃُ المدینہ کی مطبوعہ کتب ورسائل اورVCDs وغیرہ بھی تحفۃً پیش کریں۔ جو رِسالہ/ کتاب/VCD پیش کریں اُسے اپنے پاس ڈائری میں نوٹ کرلیں تاکہ آئندہ ملاقات میں کوئی اور رِسالہ/ کتاب/VCD پیش کی جاسکے۔

﴿6﴾ مضبوط اور مسلسل رابطہ مجلس کے مدنی کام کی جان ہے، جن کی خدمت میں حاضر ہوں، اُن کے مکمل کوائف مثلاً نام، پوسٹل ایڈریس، فون نمبر وغیرہ حاصل کر کے فہرست مرتب کریں اور بالمشافہ،SMS،Email،ضرورتاً فون کے ذریعے مسلسل رابطے میں رہیں۔

﴿7﴾ ان کے کوائف اپنی مشاورت کے نگران اور نگرانِ مجلس کو بھی پیش کریں تاکہ مدنی مرکز کی طرف سے ضرورتاً اُن سے فوری رابطہ کیا جاسکے۔

﴿8﴾ اپنے نگرانِ ڈویژن مشاورت/ کابینہ سے وقتاً فوقتاً پیشگی وقت لے کر محکمۂ اوقاف کے عہدے داران/ سجادہ نشین/ گدی نشین/ متولی صاحبان اور مزار کمیٹی سے ملاقات کی ترکیب بنائیں کیونکہ ان کے ہمراہ ملاقات زیادہ مفید ہے۔

﴿9﴾ مجلس مزاراتِ اولیاء کا ہر سطح کا ذمہ دار ہر ماہ کم از کم 12 محکمۂ اوقاف کے عہدے داران/ سجادہ نشین/ گدی نشین/ متولی صاحبان اور مزار کمیٹی سے ملاقات کرے۔

﴿10﴾ محکمۂ اوقاف کے عہدے داران/ سجادہ نشین/ گدی نشین/ متولی صاحبان اور مزار کمیٹی کو دعوتِ اسلامی کے مدنی مراکز (فیضانِ مدینہ)، جامعات المدینہ، مدارس المدینہ، دارالافتاء اہلسنّت، ہفتہ وار اجتماعات اور مدنی قافلوں میں سفر کی بھرپور دعوت دیں اور ان مواقع کی ریکارڈنگ کر کے ہاتھوں ہاتھ مجلسِ مدنی چینل کو روانہ کریں۔

﴿11﴾ محکمۂ اوقاف کے عہدے داران/ سجادہ نشین/ گدی نشین/ متولی صاحبان اور مزار کمیٹی کے ہاں بیماری، پریشانی، فوتگی کے مواقع پر غمخواری (عیادت وتعزیت) کی ترکیب کریں۔

﴿12﴾ کابینہ/ ڈویژن میں مزارات کی فہرست (فہرست کی تفصیل مثلاً صاحبِ مزار کا نام، مزار کا پتہ، سجادہ نشین کا نام اور فون نمبر اور اعراس کی تاریخیں(Dates)) بنائیں اور ان مزارات پر وقتاً فوقتاً ذِمہ داران حاضری اور ان کے متعلقین (سجادہ نشین، کمیٹی شخصیات ،صدر، دیگر وغیرہ) سے ملاقات کر کے بہتر تعلقات اُستوار کریں۔

﴿13﴾ کابینہ سطح پر مزاراتِ اولیاء کے لیے علاقوں سے مدنی قافلوں کی سمتیں (متعلقہ نگرانِ کابینہ کی مشاورت سے) مخصوص کر دی جائیں اور ہر ماہ پابندی سے ان مزارات پر مدنی قافلے جدول کے مطابق سفر کروائیں۔

﴿14﴾ جن مزارات پر بالخصوص عرس کے موقع پر زائرین کا ہجوم ہوتا ہے، ایسے مزارات پر مدنی قافلے بھیجے جائیں اور ذمہ داران بھی بھرپور شرکت فرمائیں، عرس پر شعبے کے تحت ہونے والے مدنی کاموں کی تیاری کے سلسلے میں کم از کم ایک ماہ پہلے کابینہ/کابینات سطح پر مدنی مشورے (کابینہ سطح کے مدنی مشورے میں نگرانِ کابینہ/کابینات سطح کے مدنی مشورے میں نگرانِ کابینات سے پیشگی وقت لے کر ان کے ذریعے مدنی مشورے کی ترکیب ہو تو مدینہ مدینہ) کی ترکیب کیجئے اور ذمہ داریاں تقسیم کیجئے، مزار انتظامیہ سے ملاقات کر کے مدنی قافلے ٹھہرانے کی ترکیب بھی پیشگی کی جائے۔

﴿15﴾ بزرگانِ دین رحمہم اللہ المبین کے اعراس مبارک پر مجلس مزاراتِ اولیاء کا مکتب قائم کریں، روزانہ خوب نیکی کی دعوت کی دھومیں مچائیں، درس و بیان اور زائرین پر انفرادی کوشش کریں، ہفتہ وار اجتماع میں شرکت کرنے، مدنی قافلے میں سفر کرنے، مدنی انعامات پر عمل کرنے، نمازوں کی پابندی، گناہوں سے توبہ وغیرہ کی ترغیب دلاتے ہوئے زائرین کو اچھی اچھی نیتیں کروائیں اور موقع کی مناسبت سے زیادہ سے زیادہ اسلامی بھائیوں کو ترغیب دلا کر عطاری بنائیں۔

﴿16﴾ بڑے مزارات (بالخصوص جہاں زائرین کی روزانہ حاضری ہوتی ہو) پر ہو سکے تو روزانہ مکتبۃ المدینہ اور تعویذاتِ عطاریہ کے بستے کی ترکیب کی جائے، ورنہ اَعراس کے موقعوں پر تو لازمی یہ ترکیب کی جائے۔

﴿17﴾ عرس کے موقع پر اجتماعِ ذکر و نعت منعقد کریں اور خوب خوب انفرادی کوشش اور نیکی کی دعوت کی دھومیں مچائیں نیز V.C.D اجتماع اور مدنی چینل چلانے (مسجد و فنائے مسجد کے علاوہ) کی بھی ترکیب بنائیں نیز دورانِ عرس کثیر تعداد میں مخیّر حضرات سے ترکیب بنا کر مکتبۃ المدینہ سے جاری ہونے والی V.C.Ds (بالخصوص امیرِ اہلسنّت کی)، غیر اللہ سے مدد مانگنے کا ثبوت (Vcd) اور مکتبۃ المدینہ کی مطبوعہ کتب و رسائل بالخصوص ''کراماتِ غوثِ اعظم، کراماتِ اولیاء، مُنّے کی لاش، جنات کا بادشاہ، خوفناک جادوگر، قبر والوں کی 25 حکایات، مزاراتِ اولیاء کی حکایات، اولیائے کرام کی سیرت پر وقتاً فوقتاً جاری ہونے والے مختلف رسائل، فاتحہ کا طریقہ وغیرہ کے لنگر کی ترکیب بنائیں۔

﴿18﴾ کابینہ/ملکی سطح یا بڑی راتوں کے اجتماعات میں (اجتماع گاہ میں) مکتب کی ترکیب کریں اور مزاراتِ اولیاء سے زائرین کو اجتماع میں لانے کی مضبوط ترکیب بنائیں۔

﴿19﴾ **مَدنی قافلہ، مَدنی انعامات، مختلف کورسز کے ماھانہ اھداف:** مجلس کے ہر سطح کے ذمہ داران اپنے نگرانِ مشاورت کے مشورے سے مَدَنی قافلوں، مَدَنی انعامات، مدنی انعامات و مدنی قافلہ اور مدنی تربیتی کورسز کے ماہانہ اہداف طے کریں اور اس کے لیے بھرپور کوشش فرمائیں۔

﴿20﴾ذمہ داران کی تقرری کی ترکیب:

#	سطح	ذمہ دار
1	ذیلی سطح	مزار ذِمہ دار
2	کابینہ	3 رکنی مجلس مزارات اولیاء
3	کابینات	کابینات ذمہ دار
4	ملک	نگرانِ مجلس مزارات اولیاء
5	رکنِ شوریٰ	مجلس مزارات اولیاء

❁ ہر مزار شریف پر ذیلی مجلس بنائی جائے گی ❁ کابینہ سطح پر 3 رُکنی مجلس ہوگی اس مجلس کا نگران رکنِ کابینہ ہوگا ❁ کابینات ذمہ داران پاکستان سطح کی مجلس کے رکن ہیں، اسی مجلس میں سے ایک مدنی انعامات، ایک مدنی قافلہ ذمہ دار اور ایک کارکردگی ذمہ دار ہوں گے ❁ مختلف ممالک میں مُلکی سطح پر مجلس ہوگی، جو رکنِ شوریٰ کے تحت ہوگی۔ (بیرونِ ملک والے ذمہ داران، متعلقہ رکنِ شوریٰ کی اجازت کے بغیر ذمہ دار نہ بنائیں) ❁ یاد رہے! کسی بھی سطح کے اراکین و نگران کی تقرری کے لئے متعلقہ سطح کے نگران کی اجازت ضروری ہے۔ (امیرِ اہلسنّت دامت برکاتہم العالیہ ہر مجلس میں مدنی اسلامی بھائی کے ہونے کو پسند فرماتے ہیں)

﴿21﴾مَدَنی مشورہ کی تاریخ و مَدَنی پھول:

#	تاریخ	مَدَنی مشورہ لینے والے	سطح	شرکاء	مَدَنی پھول
1	2	نگرانِ کابینہ / کابینہ ذمہ دار	کابینہ	ذیلی ذمہ دار و کابینہ سطح کی 3 رکنی مجلس	انفرادی کارکردگی، پیشگی جدول وجدول کارکردگی، ذِمہ داران کے تقرر، ترقی وتنزلی کا جائزہ، اگلے ماہ کے اہداف وغیرہ
2	5	نگرانِ کابینات / کابینات ذمہ دار	کابینات	کابینہ ذمہ داران (بہتر یہ ہے کہ ہر کابینہ کی 3 رکنی مجلس شرکت کرے)	//
3	7	رکنِ شوریٰ / نگرانِ مجلس	ملک	کابینات ذمہ داران	//

وضاحت: رُکنِ شوریٰ/نگرانِ مجلس، پاکستان سطح کی مجلس کا **ہر ماہ مدنی مشورہ** فرمائیں، ایک ماہ **بذریعہ انٹرنیٹ** اور ایک ماہ **بالمشافہ**

❁ **کارکردگی جمع کروانے کی تاریخیں:** ❁ مزار شریف: 1 ❁ کابینہ: 5 ❁ کابینات: 6 ❁ ملک: 7

﴿22﴾ مدنی مشوروں کی کثرت سے بچنے کے لیے مقرر کردہ سطح کے علاوہ کسی اور سطح کا مدنی مشورہ لینے کے لیے متعلقہ نگران سے اجازت ضروری ہے۔ ❁ جب بڑی سطح کے ذمہ دار دیگر سطح کے ذمہ داران کا مدنی مشورہ کرلیں تو اس ماہ ان کا ماہانہ مدنی مشورہ نہیں ہوگا ❁ اسی

طرح جس ماہ نگرانِ کابینہ / مشاورت شعبے کے ذمہ داران کا مدَنی مشورہ فرمائیں گے، اس ماہ بھی شعبہ ذمہ داران ماہانہ مدنی مشورہ نہیں کریں گے۔ (شعبے کے مدنی کام کو مضبوط اور منظّم کرنے کے لیے وقتاً فوقتاً اپنے نگران مشاورت سے شعبے کے اسلامی بھائیوں کا مشورہ کروانا مفید ہے)

﴿23﴾ پاکستان/ بیرونِ ملک سطح کے ذمہ دار ہر مدنی ماہ کی 7 تاریخ تک کارکردگی پاکستان انتظامی کابینہ/مجلس بیرونِ ملک مکتب اور متعلقہ رکنِ شوریٰ کو میل کردیں۔ (یادرہے! کارکردگی مدَنی مشورے سے مشروط نہیں، اگر کسی وجہ سے مدَنی مشورہ نہ ہوسکے تب بھی مقررہ تاریخ پر اپنے نگران کو کارکردگی پیش کردیں۔)

﴿24﴾ ہر ذمہ دار ہر ماہ کا پیشگی جدول مدنی ماہ کی 19 تاریخ تک اپنے نگران (نگرانِ مشاورت/نگرانِ مجلس) سے منظور کروائے، پھر اس کے مطابق پیشگی اطلاع کے ساتھ اپنے جدول پر عمل کرے اور مہینہ مکمل ہونے کے بعد 3 تاریخ تک کارکردگی جدول اپنے نگران (نگرانِ مشاورت/نگرانِ مجلس) کو پیش کرے۔

﴿25﴾ متعلقہ نگران کی مشاورت سے شعبہ ذمہ داران منگل کے روز تحریری کام کی ترکیب بنائیں۔

﴿26﴾ متعلقہ نگرانِ مشاورت سے مربوط رہیں۔ انھیں اپنی کارکردگی سے آگاہ رکھیں اور ان سے مشورہ کرتے رہیں۔ جو نگران سے جتنا زیادہ مربوط رہے گا وہ اتنا ہی مضبوط ہوتا جائے گا۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجَلَّ

﴿27﴾ متعلقہ رکنِ شوریٰ اور نگرانِ کابینہ کی اجازت سے وقتاً فوقتاً اپنی مجلس کے تربیتی اجتماع کی ترکیب کرتے رہیں تاکہ پرانے اسلامی بھائیوں کی یاد دِہانی اور نئے اسلامی بھائیوں کی تربیت کا سامان ہوتا رہے۔

﴿28﴾ **یاد رہے کہ** متعلقہ رکنِ شوریٰ / مجلس بیرونِ ملک ضرورتاً ان مدَنی پھولوں میں تبدیلی کرسکتے ہیں۔

﴿29﴾ ذمہ داران اپنی دنیا اور آخرت کی بہتری کے لئے مندرجہ ذیل امور کو اپنانے کی کوشش فرمائیں:

- فرض علوم سیکھنے کی کوشش کرتے رہیں۔ فرض علوم سیکھنے کے لیے کتبِ امیرِ اہلسنت، بہارِ شریعت، فتاویٰ رضویہ، احیاء العلوم وغیرہ کے مطالعہ کی عادت بنائیں۔
- مدنی حلیے ﴿**داڑھی**، زُلفیں، سر پر سبز سبز عمامہ شریف (سبز رنگ گہرا یعنی ڈارک نہ ہو) کلی والا سفید کُرتا سنَّت کے مطابق آدھی پنڈلی تک لمبا، آستینیں ایک بالشت چوڑی، سینے پر دل کی جانب والی جیب میں نُمایاں مسواک، پاجامہ یا شلوار ٹخنوں سے اُوپر (سر پر سفید چادر اور پردے میں پردہ کرنے کیلئے **مدنی انعامات** پر عمل کرتے ہوئے کتھئی چادر بھی ساتھ رہے تو مدینہ مدینہ)﴾ کی پابندی کریں۔
- عملی طور پر مدَنی کاموں میں شریک ہوں، روزانہ کم از کم 2 گھنٹے مدنی کاموں میں صرف کیجئے مثلاً مدنی قافلے میں سفر اور مدنی انعامات پر عمل کے لئے روزانہ فکرِ مدینہ کا ذہن دینے کے لیے کم از کم 2 اسلامی بھائیوں پر انفرادی کوشش، علاقائی دورہ برائے نیکی کی دعوت، مدرسۃ المدینہ بالغان، بعدِ فجر مدَنی حلقہ، صدائے مدینہ، چوک درس، پابندیٔ وقت کے ساتھ اوّل تا آخر ہفتہ وار اور دیگر اجتماعات میں شرکت وغیرہ۔

❁ اپنی اصلاح کی کوشش کے لیے **مدنی انعامات** پر عمل کے ساتھ ساتھ روزانہ **فکرِ مدینہ** کرتے ہوئے ہر ماہ **مدنی انعامات** کا رسالہ اپنے ذمہ دار کو جمع کروائیں اور ساری دُنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کے لیے عمر بھر میں **یکمشت 12 ماہ**، ہر 12 ماہ میں 30 دن اور ہر 30 دن میں کم از کم 3 دن جدول کے مطابق **مدنی قافلے** میں سفر کی ترکیب بناتے رہیں۔

❁ بلا ناغہ **فکرِ مدینہ** کرتے ہوئے عطّار کا **دوست، پیارا، منظورِ نظر اور محبوبِ عطّار** بننے کی سعی جاری رکھیے، اِستقامت پانے کے لئے کم از کم 3 دن کے **مدنی قافلے** میں سفر کو اپنا معمول بنا لیجئے نیز ضروری گفتگو کم لفظوں میں کچھ **اشارے** میں اور کچھ **لکھ کر** کرنے کی کوشش کے ساتھ ساتھ **نگاہیں جھکا کر** رکھنے کی ترکیب بنایئے۔

❁ اراکینِ مجلس، **مدنی انعام نمبر 47** پر عمل کرتے ہوئے روزانہ کم از کم **1 گھنٹہ 12 منٹ مدنی چینل** دیکھنے کی ترکیب بنائیں نیز ہفتہ وار Live **مدنی مذاکرہ** دیکھنے کے ساتھ ساتھ دیگر **رِیکارڈڈ مدنی مذاکروں** اور مدنی چینل کے سلسلوں کو اہتمام کے ساتھ دیکھنے کی مدنی التجاء ہے۔

❁ مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینہ اور اپنے شعبے کے مدنی مشوروں کے ملنے والے مدنی پھولوں کا خود بھی مطالعہ کیجئے اور متعلقہ تمام ذمہ داران تک بروقت پہنچانے کی ترکیب بنایئے۔

❁ دورانِ مدنی کام وملاقات امیرِ اہلسنّت، بانیٔ دعوتِ اسلامی حضرت علامہ مولانا ابو بلال محمد الیاس عطّار قادری دامت برکاتہم العالیہ کے ذریعے سلسلۂ عالیہ قادریہ رضویہ عطاریہ میں مرید/طالب بنانے کی کوشش کرتے رہیں، مرید/طالب ہو جائیں تو مجلس مکتوبات وتعویذاتِ عطاریہ سے مکتوب کی ترکیب اور شجرۂ قادِریہ، رضویہ، ضیائیہ، عطاریہ حاصل کرنے اور روزانہ پڑھنے کی ترغیب بھی دِلائیں۔

❁ مَدَنی کام استقامت کے ساتھ کرنے کے لئے بالخصوص مَدَنی انعام نمبر 24 اور 26 کے عامل بن جائیں ❁ مَدَنی انعام نمبر 24: کیا آج آپ نے مرکزی مجلسِ شوریٰ، کابینات، مشاورتیں و دیگر تمام مجالس جس کے بھی آپ ماتحت ہیں، ان کی (شریعت کے دائرے میں رہ کر) اِطاعت فرمائی۔ ❁ مَدَنی انعام نمبر 26: کسی ذمہ دار (یا عام اسلامی بھائی) سے برائی صادر ہو جائے اور اصلاح کی ضرورت محسوس ہو تو تحریری طور پر یا براہِ راست مل کر (دونوں صورتوں میں نرمی کے ساتھ) سمجھانے کی کوشش فرمائی یا معاذ اللہ عزّوَجلَّ بلا اجازتِ شرعی کسی اور پر اظہار کر کے غیبت کا گناہِ کبیرہ کر بیٹھے؟

مرکزی مجلسِ شوریٰ ﴿دعوتِ اسلامی﴾

مَدَنی مقصد: مجھے اپنی اور ساری دنیا کے لوگوں کی اصلاح کی کوشش کرنی ہے۔ اِنْ شَآءَ اللّٰہ عزَّوَجلَّ

تاریخِ اجراء: ۳ شعبان المعظم ۱۴۳۵ھ / 2 جون 2014ء